دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دھلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
0, Issue: 59 www.hamarasamajdaily.com Saturday,14,November,2026 (Rs.2.0

ہندوستان کے مسلمان ووٹر لسٹ کو ضرور چیک کریں

ایک مسلم کے گھر پر بلڈوزر چلنے پر سوشل میڈیا پر مذاق اڑانے کی شدید مذمت



نئی دہلی، 13 نومبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج:
شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ پنج وقتہ نماز باجماعت کی پابندی کریں۔انہوں نے کہا مسلمان ایس آئی آر کے عمل میں مستعدی سے حصہ لیں۔ ووٹر لسٹوں کو بہت غور سے چیک کریں اور جہاں بھی کسی طرح کوئی دھاندلی ہو اس کو فوری طور پر الیکشن کمیشن کے نوٹس میں لاکر درست کرائیں۔انہوں نے کہا کہ ووٹر آئی ڈی کی بہت اہمیت ہے اس میں ذرا سی بھی غفلت نہ کریں۔مفتی محمد مکرم احمد نے کہا کہ آسام کے وزیر اعلی ہیمنت بسوا سرما نے لکھیم پور کے ایک بے بس مسلم خاندان کے گھر پر بلڈوزر چلائے جانے کو ہنسی مذاق کا موضوع بنایا اور سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے گھر کو مسمار کیے جانے کے عمل کو دیوالی سے قبل صفائی کی مشق قرار دیا۔ سرما کے اس تمسخر آمیز نفرت بھرے پوسٹ پر ہر طرف سے تنقید کی جارہی ہے اس فرقہ پرستانہ عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ سرما نے آسام میں یکم نومبر کو ڈھوبری میں 550 خاندانوں کے گھروں پر بلڈوزر چلوادیا کیا اس غیر قانونی عمل کو بھی دیوالی سے قبل صفائی سمجھ کر انہوں نے انجام دیا تھا ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔مسلمان صبر وضبط کے ساتھ حالات کو برداشت کررہے ہیں انشاء اللہ اس صبر کا اجر ملے گا اور ظالموں سے بھی اس کا حساب ضرور ہوگا۔مفتی مکرم احمد نے غزہ کے بے سہارا خیموں میں پناہ گزین لاکھوں فلسطینیوں کی حالت زار پر شدید غم کا اظہار کرتے ہوئے یو این او اور عالمی برادری نیز عرب ممالک سے پرزور اپیل کی کہ ان غریبوں کی طرف جلد توجہ کریں اور امدادی سامان اور طبی سامان جلد مہیا کرائیں۔

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

ilab.com | epaper.inquilab.com

قیمت: ۵؍روپے، ۱۴؍صفحات، نئی دہلی، ہفتہ، ۱۴؍نومبر ۲۰۲۶ء، ۳؍جمادی الثانی ۱۴۴۸ھ، جلد نمبر ۱۴، شمارہ ۲۶۳

ایس آئی آر کے عمل میں مستعدی سے حصہ لیں: مفتی محمد مکرم احمد

نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب کرتے ہوئے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ پنج وقتہ نماز باجماعت پڑھنے کی کوشش کریں اور ایس آئی آر کے عمل میں مستعدی سے حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان ووٹر لسٹوں کو بہت غور سے چیک کریں اور جہاں بھی کسی طرح کی دھاندلی نظر آئے اسے فوری طور پر الیکشن کمیشن کے نوٹس میں لاکر درست کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ ووٹر آئی ڈی کی بہت اہمیت ہے اس لیے اس معاملے میں ذرا سی بھی غفلت نہ برتیں۔ مفتی محمد مکرم احمد نے



آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کی جانب سے لکھیم پور میں ایک بے بس مسلم خاندان کے گھر پر بلڈوزر چلائے جانے کے واقعے کا سوشل میڈیا پر مذاق اڑانے کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ سرما نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے گھر کو مسمار کیے جانے کے عمل کو دیوالی سے قبل صفائی کی مشق قرار دیا تھا۔ اس تمسخر آمیز پوسٹ پر ہر طرف سے تنقید کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ مفتی مکرم احمد نے کہا کہ مسٹر سرما نے آسام میں یکم نومبر کو دھوبری میں ۵۵۰؍خاندانوں کے گھروں پر بلڈوزر چلوائے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اس کارروائی کو بھی دیوالی سے قبل صفائی کی مشق سمجھ کر انجام دیا گیا تھا؟ انہوں نے اس واقعے کی بھی شدید مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلمان صبر وضبط کے ساتھ حالات کا سامنا کررہے ہیں۔ ان شاء اللہ اس صبر کا اجر ضرور ملے گا اور ظالموں کو بھی اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔